# The Deep Calleth To Deep

# گہراؤ گہراؤ کو پکارتا ہے

فرمُودہ از

ریورنڈ ولیم میرئین برنہم

Publisher: Pastor Javed George

End Time Message Believers Ministy Pakistan

We are thankful to Gospel Way Outreach ;Kaiapoi,

New Zealand. They have given us helping hand to publish the books. Because this church has helped us to spread the End Time Message, which was given to Brother William Marrion Branham

پیغام۔۔۔۔۔۔گہراؤ گہراؤ کو پکارتا ہے

واعظ۔۔۔۔۔۔۔ریورنڈ ولیم میرئین برینہم

تاریخ۔۔۔۔۔۔۔24جون بروز جمعرات1954

بمقام۔۔۔۔۔۔۔کانسٹیٹیوسن ہال واشنگٹن ڈی سی۔یو ایس اے

اشاعت۔۔۔۔۔۔2019

# The Deep Calleth To Deep

# گہراؤ گہراؤ کو پکارتا ہے

**E-1** اوہ،... دو مقدس روحیں نہیں ہیں.... اور اُسی ایک روح ، نے اُس رات یا صبح شمعونؔ، کی رہنمائی کی اور وہی آج رات آپ کی راہنمائی کریگا، کیونکہ آپ روح القدس کے وعدہ پر ایمان رکھتے ہیں۔اور وہ آپ سے ویسے ہی وفادار ہے جیسا کہ شمعونؔ سے تھا، اُسے اپنے کلام کو قائم رکھنا ہے کیونکہ وہ خدا ہے۔

تب میں دیکھ سکتا ہوں کہ اس کی بڑے ہی خلوص کے ساتھ؛ خواہش تھی کہ وہ مسیح کو دیکھے۔خدا کے کلام نے جو کچھ بھی کہا اُس نے اُسکا یقین کیا۔اِس سے کوئی مطلب نہیں کہ تنقید نگاروں نے کیا کہا، اُس نے خداوند کے کلام کا یقین کیا۔اُس کے دل میں مسیح کو دیکھنے کی خواہش تھی، اُس نے ایمان رکھا کہ وہ دیکھے گا۔جیسا کہ داؤدؔ نے کہا ''گہراؤ' گہراؤ کو پکارتا ہے'' آپ میں سے یہاں بہت سے لوگ موجود ہیں جو الٰہی شفا پر ایمان رکھتے ہیں، کیا آپ رکھتے ہیں؟ کیا آپ الٰہی شفا پر ایمان رکھتے ہیں الٰہی شفا پر آپ کا ایمان رکھنے کی وجہ اس بات کا ثبوت ہے کہ الٰہی شفا ہے۔

**E-2** جب ہم امریکہ میں آئے، تو ہم نے یہاں امریکن انڈینز کو پایا۔وہ کسی چیز کی عبادت کرتے تھے سورج چاند یا فطرت کی؛ کیونکہ وہ ایک انسان ہے اور وہ جانتا ہے کہ اس کا کوئی خالق ہے۔اس لئے اُس کے دل کے اندر کچھ تھا جو اُسے عبادت کے لئے بلاتا تھا۔یہ بنی انسان کی فطرت میں ہے۔آپ اپنی موٹر کار یا گھر یا نوکری کی یا کسی بھی چیز کی؛ عبادت کر سکتے ہیں آپ کسی چیز کی عبادت کریں گے۔ اسلئے اگر کوئی بت ہے، تو اسے باہر نکال دیں اور یسوعؔ مسیح کو پہلا درجہ دیں سب سے پہلے اُسے ہونے

دیں۔

**E-3** پھر تب بھوک..... گہرائی سے جیسا کہ داؤد نے کہا

''تیرے آبشاروں کی آواز سے گہراؤ گہراؤ کو پکارتا ہے.....' (زبور 42:7)

اب گہراؤ گہراؤ کو پُکارتا ہے مثال کے طور پر یہاں گہراؤ گہراؤ کو پکار رہا ہے تو وہاں گہراؤ ہونا ہی چاہیے تا کہ اُس کو اِس پکار کا جواب دے سکے۔عین ممکن ہے کہ میں اسے اس طرح واضح کر سکوں۔ میں فطرت سے محبت کرنے والا ہوں؛اور جنگلوں میں جاتا ہوں،اور سورج کو غروب ہوتے ہوئے دیکھتا ہوں، میں جنگلی جانوروں کا چیخنا چلانا سنتا ہوں۔میری ماں آدھی انڈین تھی۔اسلئے میرے لہو میں ہی کچھ ایسا ہے کہ میں فطرت سے محبت کرتا ہوں۔جب میں جنگل سے آواز سنتا ہوں تو اس میں کچھ ہے جو میری روح کو سوزاں کر دیتا ہے، میں اس میں کچھ نہیں کر سکتا۔

**E-4** یہاں حال ہی میں، میں وہاں کلوردو میں تھا،اور میں وہاں پہاڑ پر کھڑا تھا، میں وہاں ایک عقاب ماں کو دیکھ رہا تھا وہ اپنے چھوٹے چھوٹے بچوں کو گھونسلے سے نکال کر لائی تھی اور انہیں اپنے پروں پر بٹھائے، وہاں ہرے میدان میں بیٹھی تھی۔اور پھر وہ چٹان کی سب سے اونچی چوٹی جہاں وہ پہنچ سکتی تھی بیٹھ گئی اور نگرانی کرنے لگی۔

میں اُسے اپنی دوربین سے دیکھ رہا تھا، میرا گھوڑا درخت سے بندھا ہوا تھا؛اور میں دیکھے جا رہا تھا اور میں نے کہا''خداوند میں یہ پسند کرتا ہوں۔'' اور مجھے.......... (ٹیپ خالی ہے۔ایڈیٹر)۔

**E-5** ...میں یہ سونگھ بھی سکتا ہوں اگر آپ کبھی عقاب کے گھونسلہ کے آس پاس ہوں۔تو وہ اسے تیز دھاری دار ڈنڈیوں اور اس طرح کی چیزوں سے بناتے ہیں۔اور وہ بیچارے چھوٹے عقاب وہاں لکڑیوں اور کانٹوں پر چلتے ہیں، وہ اور کچھ بھی نہیں جانتے۔ پر ایک دن ماں اپنے پروں کو پھیلاتی ہے اور وہ اُس پر چڑھ جاتے ہیں اور وہ نیچے میدان میں چلے جاتے ہیں۔ان چھوٹے بچوں کو دیکھیں، یہ

ایک پنتی کا سٹل بیداری ہے۔ وہ نرم گھاس پر ادھر اُدھر دوڑ رہے تھے کچھ یہاں سے کچھ وہاں سے اٹھاتے ،اورایک دوسرے پرچیں چیں کرتے اور ایک دوسرے پر کودتے جتنا وہ آزادی سے کر سکتے تھے وہ کررہے تھے۔

**E-6** میں نے سوچا'' اچھا یہ ٹھیک ہے'' اب وہاں ایک گھونسلہ آدمی کی مانند جو دنیا میں ہے، جو کچھ بھی نہیں جانتا..... وہ جو شیطان اسے دے سکتا ہے۔لیکن ایک دن خداوند اُسے اٹھاتا ہے اور ..... ہرے بھرے میدان میں بیٹھاتا ہے۔اوہ، یہ کیسا شاندار ہے؛ وہ اپنے آپ میں آزاد محسوس کرتا ہے؛ وہاں اُسے کچھ پریشانی نہیں ہے۔ میں نے سوچا ٹھیک ہے '' یہ چھوٹے چھوٹے بچے ڈر کیوں نہیں رہے؟ ایسا نہ ہو کہ وہاں کوئی بھیڑیا آس پاس ہو جو انہیں اٹھالے جائے، حیران کن بات ہے؟'' اور وہ تھوڑی تھوڑی دیر بعد اوپر دیکھتے وہ بوڑھی ماں وہاں پر بیٹھی ہوئی ان کی حفاظت کر رہی تھی۔

میں نے سوچا'' خدا کی تعریف ہو؛ یہ ٹھیک ہے، وہ مجھے دنیا کے گھونسلے سے باہر لے آیا اور وہ شہر پناہ میں جلال میں چڑھ گیا اور اونچے پر بیٹھا ہے اور اپنی میراث کو دیکھ رہا ہے وہ دیکھتا ہے کہ کوئی پریشانی نہ ہو'' میں نے سوچا'' اگر ایک بھیڑیا، ان چھوٹے چھوٹے عقابوں کی طرف بڑھنے لگے تو وہ اسے مار مار کر مار ڈالے گی۔'' میں نے کہا'' یہ ٹھیک بات ہے۔شیطان کو ایمانداروں کے پیچھے آنے دو وہ یسوعؔ مسیح کے ہاتھوں میں ہیں۔'' یہ ٹھیک ہے۔اسے لینے دیں.....

تھوڑی تھوڑی دیر بعد وہ دیکھ رہی تھی اس کا پرقارسر چاروں اطراف دیکھ رہا تھا۔وہ سب سے اونچی چٹان پر بیٹھی تھی جو اسے مل سکتی تھی' تاکہ وہ چاروں اطراف دیکھ سکے' اُسکی عقابی تیز آنکھیں چاروں اطراف دیکھ رہیں تھیں۔اور کچھ دیر بعد میں نے اسے دیکھا کہ اس نے سر اٹھایا؛ اور چاروں اطراف دیکھا میں نے اپنی دوربین سے دیکھا کہ اس نے چاروں اطراف دیکھا وہ تیزی سے ہوا میں آرہی تھی میں نے سوچا کہ'' یہ کیا ہے؟''

**E-7** وہاں پیچھے شمالی اطراف میں؛ایک گرج کی آواز آئی تھی۔اس نے ایک زوردار آواز نکالی اور وہاں نیچے پہنچ گئی، وہاں اس گھاس کے میدان میں اس نے اپنے بڑے بڑے پَر پھیلا دیئے۔اور وہ چھوٹے چھوٹے عقاب بڑی تیزی سے بھاگے؛ شاید گھونسلا چھوڑنے سے پہلے انہیں یہ سیکھایا گیا ہو۔انہوں نے اپنے چھوٹے چھوٹے پنجوں سے پَروں کو پکڑ لیا اپنے چھوٹے منہ اپنی چھوٹی چونچ ان پَروں میں پھنسا دی۔اور وہ عقاب کے جنڈ کے ساتھ جو اس کے پَروں پر تھے وہ اس ہوا کو چیرتی ہوئی تقریباً50 میل فی گھنٹہ کی تیزی کے ساتھ چٹان کی دراڑ میں چلی گئی۔

میں ایک بچے کی مانند چلایا۔میں نے سوچا''کسی جلالی دن جب وہ بیداری ختم ہو جائیگی وہ اپنے بڑے پَروں کو پھیلائے ہوئے جلال میں آئے گا اور چھوٹے عقاب اپنی چنچوں کو اس میں پھنسا لیں گے اور اس کے ساتھ جلال میں چلے جائیں گے۔''

**E-8** گہراؤ گہراؤ کو پکارتا ہے: یعنی اگر گہراؤ پکار رہا ہے تو کہیں اس کا جواب دینے کیلئے گہراؤ ہے۔دوسرے الفاظ میں اگر زمین پر درخت کو اُگنا تھا تو ضرور تھا کہ وہاں پہلے زمین ہونی تھی کہ وہ اُگے۔خدا نے درخت کو زمین کیلئے نہیں بنایا بلکہ زمین کو درخت کیلئے بنایا ہے اُس نے زمین کو بنایا اور زمین کو حکم دیا کہ درخت کو اُگائے۔اور زمین پکار رہی تھی اسلئے درخت اُگ آیا۔مچھلی کی پیٹھ پر تیرنے کیلئے پَر ہونے سے پیشتر وہاں اس کیلئے کوئی پانی نہ تھا۔اسکے پَر ہونے کی وجہ یہ ہے کہ وہاں پانی تھا تا کہ وہ ان پَروں کا استعمال کرے۔ہر چیز جو ہمارے پاس ہے اسکا ایک مقصد ہے اور اسکی کوئی وجہ ہے۔

یہاں کچھ دیر پہلے میں پڑھ رہا تھا کہ ایک بچہ پنسلوں میں سے ربڑ کھا جاتا تھا۔اُسے جتنی بھی ربڑیں نظر آتیں ساری کھا جاتا تھا۔یہاں تک کہ وہ سائیکل کے پیڈل کے ربڑ بھی کھا جاتا تھا۔اور وہ نہیں جانتے تھے کہ لڑکے کے ساتھ کیا معاملہ ہے۔اسلئے وہ اُسے معائنہ کروانے کیلئے ایک دواخانہ میں معالج کے پاس لے گئے، اور اُسکا معائنہ کرنے کے بعد اُنہوں نے پایا کہ اس کے چھوٹے سے بدن

کو سلفر کی ضرورت ہے۔اور سلفر ربڑ میں ہوتی ہے اور وہ سلفر پانے کیلئے ربڑ کھا جاتا تھا۔

اب یہاں یہ ہے؛ اسے سمجھیں۔۔اب وہاں اس کے بدن میں یعنی کوئی چیز سلفر کو بلا رہی ہے،تو کہیں سلفر ہونی چاہیے کہ اس کا جواب دے پیشتر اس کے کہ وہ بلائی جائے۔سمجھے میرا کیا مطلب ہے۔

**E-9** اب اس سے پہلے کہ جب گھراؤ گھراؤ کو پکارتا ہے پیشتر اس سے کہ گھراؤ پکارے اس کا جواب دینے کیلئے گھراؤ کا ہونا ضروری ہے۔تب بالکل اسی طرح.....

کچھ عرصہ پیشتر عین ممکن ہے آپ گنہگار تھے، ہوسکتا ہے کہ آپ نام نہاد کلیسیا میں ہوں جو کہ روح القدس کے بپتسمہ پر ایمان نہ رکھتی ہو،اور آپ نے پیغام کو سنا۔وہاں کچھ ایسا تھا جو خدا کو پکارتا تھا عین ممکن ہے کہ آپ خدا میں راستبازی میں جی رہے ہوں۔لیکن آپ روح القدس کے بپتسمہ کو چاہتے ہوں،آپ اس کے لئے بھوکے تھے اب اس کی وجہ یہی تھی کہ روح القدس پیشتر سے ہی تھا کیونکہ آپ اس کے لئے بھوکے تھے جب تک وہاں کوئی ایسی چیز نہ ہوتی جس کے لئے پکارا جائے تو آپ اس کے لئے کبھی بھوکے نہ ہوتے سمجھے،میرا کیا مطلب ہے؟

اب یہی وجہ ہے کہ آج رات آپ یہاں پر موجود ہیں۔کیونکہ آپ الٰہی شفا پر ایمان رکھتے ہیں۔اور اگر بائبل میں یہ نہ ہوتی یعنی آپ لوگوں کا گروہ الٰہی شفا پر ایمان رکھتا ہے تو کہیں نہ کہیں وہ آبشار کھولا ہے، ورنہ آپ میں یہ خواہش کبھی نہ ہوتی۔یعنی آپ میں خدا سے شفا پانے کی خواہش ہے تو ایک خدا ہے جو آپ کو شفا دیتا ہے۔یہ ٹھیک بات ہے۔کیونکہ گھراؤ گھراؤ کو پکارتا ہے۔

**E-10** شمعونؔ کے ساتھ بھی یہی بات تھی، وہ جانتا تھا کہ ایک مسیح آنے کو تھا۔اور وہ جانتا تھا کہ خدا نے اُس سے وعدہ کیا ہے کہ وہ اُسے مرنے سے پہلے اُسے دیکھے گا۔اب، دھیان دیں۔پس جیسے شمعونؔ کی راہنمائی ہوئی تھی کیا یہ حیران کن بات نہ تھی یسوعؔ جب منظر پر آیا،تو شمعون کی ،روح القدس کے

وسیلہ رہنمائی ہوئی کہ وہ سیدھا مسیح کے پاس آئے جس نے اس سے وعدہ کیا تھا۔اور روح القدس جس نے الٰہی شفا کا وعدہ کیا ہے اسی نے آپ کی یہاں آنے میں راہنمائی کی ہے وہ اس آبشار کے پاس آئے جو کہ آج رات کھلا ہوا ہے ٹھیک یہاں اسی وقت..... اور اُسی روح القدس کی راہنمائی میں جو خدا کے بیٹوں کی راہنمائی کر رہا ہے جو کہ خدا کے وعدہ پر ایمان رکھتے ہیں، آپ سمجھے میرا کیا مطلب ہے؟ آپ سب خدا کے بیٹے اور بیٹیاں خدا کے حضور اس کی راہنمائی میں لائے گئے ہیں کیونکہ آپ خدا کے وعدہ پر ایمان رکھتے ہیں۔ اوہ، جب میں اس پر سوچتا ہوں.....

**E-11** تب میں سوچتا ہوں وہاں کونے میں ایک بوڑھی خاتون تھی۔ ہم نے سوچا تھا کہ وہ اندھی تھی؛ اسکا نام حنّا تھا۔ وہ ایک نبیہ تھی، اور وہ مسیح کی آمد کی منتظر تھی۔ خدا نے اس سے وعدہ کیا تھا کہ وہ مسیح کو اُسے دکھائے گا۔

اور روح القدس نے حنّا میں ہلچل پیدا کی۔ اور میں یہ دیکھ سکتا ہوں کہ اس صبح اس عمارت میں بوڑھی اندھی نبیہ آ رہی ہے وہ اندھی روح القدس کی راہنمائی میں چل رہی ہے، ان سب لوگوں میں چل رہی ہے۔ وہ نیچے ان عورتوں کے سہارے آتی ہے وہ اُس آبشار کے پاس آ کر رُک گئی جہاں آنے کیلئے روح القدس نے اس کی راہنمائی کی تھی۔

**E-12** جی ہاں آج رات وہ یہاں ہے۔ وہ مردوں میں سے جی اُٹھا ہے۔ اس نے آپ سے وعدہ کیا ہے؛ روح القدس نے آپ کو یہاں باہم اکٹھا کیا ہے۔ اگر آپ آج رات یہاں نہ ہوتے اور روح القدس آپ کی راہنمائی نہ کرتا تو آپ کہیں دنیا داری کے کاموں میں ہی ہوتے۔ لیکن آپ یہاں گرمی میں اس جگہ بیٹھے ہوئے ہاتھ کے پنکھا سے ہوا لے رہے ہیں، کیوں؟ اسلئے کہ آپ یسوع مسیح کو دیکھنے کی خواہش سے آئے ہیں اور یہ اس کے کلام نے ثابت کیا ہے: یعنی خواہش کرنے سے۔

**E-13** اگر آپ اس خواہش سے یہاں آئے ہیں کہ کچھ پائیں تو شیطان بہت تنقیدی چیزیں دکھائے

گا۔وہ یہ کرے گا۔آپ وہی پاتے ہیں جس کی آپ خواہش کرتے ہیں۔ان میں سے کچھ کہتے ہیں ’’ٹھیک ہے کچھ کہتے ہیں نہیں اگر میں.....اور اگر مجھے دعائیہ قطار میں جانے سے کچھ نہ ملا.....اگر میں اس طرح ہوتے دیکھوں گا تو میں ایمان لاوں گا۔‘‘ آپ وہی پائیں گے جس چیز پر آپ کا ایمان ہے۔

میرا یہ ایمان ہے کہ آج روح القدس کو آتے اور قوت میں ظاہر ہوتے دیکھوں گا اور اس کے جلال کو اس عمارت پر برستے دیکھوں گا،اور بہت سے لوگوں نے روح القدس کے بپتسمہ کو پایا ہے گنہگار روتے ہوئے کلوری کی راہ پر گئے، بیمار شفایاب ہوئے ہر طرح کے نشان اور عجائبات رونما ہوئے کیونکہ یسوع مسیح نے یہ وعدہ کیا ہے۔اور میں اس کے وعدہ پر ایمان رکھتا ہوں۔

**E-14** ہم دعا کریں گے۔آسمانی باپ جیسا کہ تیرا کلام سچائی ہے اپنے کلام کو جی اُٹھے یسوع مسیح کے وسیلہ سے نشانات اور عجائبات سے ثابت کر۔کیونکہ ہم جانتے ہیں کہ جب وہ اس زمین پر تھا اس نے کبھی بھی ایک عظیم شخص ہونے کا دعویٰ نہیں کیا،اس نے یہ دعویٰ کیا کہ تو نے اسے دکھایا ہے کہ وہ کیا کرے۔وہ لوگوں کے خیالات،اور ان کی حالت جانتا تھا۔وہ جانتا تھا کہ اس عورت نے جس کا خون بہتا تھا اس نے اسکی پوشاک کو کب چھوا۔وہ وہاں کھڑی تھی اور اس نے دیکھا کہ وہ چھپ نہیں سکتی کیونکہ یسوعؑ اس کی طرف دیکھ رہا تھا۔وہ جانتا تھا اس نے کہا ’’تیرے ایمان نے تجھے اچھا کیا‘‘۔

اور اے باپ ہم جانتے ہیں کہ آج رات وہ یہاں ہے کیونکہ اس نے وعدہ کیا ہے اور ہمارا ایمان اس پر لنگر کیئے ہوئے ہے،ہمیں اسکے کلام پر بھروسہ ہے۔بلاشبہ ہم اُسے یہاں زمین پر اپنے لوگوں میں ظاہر ہوتے،اور کلیسیا میں کام کرتے دیکھتے ہیں۔اے خداوند آج ہونے دے اس زمانہ کو نور دینے والے،کہ جب وہ عظیم ڈرامہ اپنے اختتام کو ہو اور ہم میں سے ہر ایک جب تیرے سامنے آئے اور وہ عظیم پردہ ہٹا دیا جائے اور اس زمانہ کی پُشت ہمارے سامنے لائی جائے اور ہونے دے کہ میری آواز بے ایمان لوگوں کے خلاف پکارے اور یسوع پر ایمان رکھنے کے لئے پکارے، تیرے بیٹے پر۔

**E-15** آج رات یہاں لوگوں کو برکت دے؛ یہ یہاں سخت گرمی میں بیٹھے ہوئے ہیں، اے خدا میں دعا کرتا ہوں کہ تو انہیں خاص برکت دے۔ ہونے دے کہ روح القدس کی قوت ان تمام دکھ دینے والے خیالات کو لے جائے۔ اور اے خداوند اپنے خادم کو اس وقت پاک کر کیونکہ خدمت کا وقت ہے۔ یہاں کھڑے ہوئے نگاہیں اس راستہ پر موڑ جائیں۔ اور اے باپ میں بڑی عاجزی سے یہ دعا کرتا ہوں کہ تو اپنی عظیم الشان قوت کو ہر ایک پر ظاہر کر۔ اور ہونے دے کہ تیرا یہ کمزور خادم، آج رات فضل پائے تو اس کمزور بندہ کو لے، اسے باہر نکال اور یسوع مسیح اُترئے اور تیرے لوگوں سے کلام کرے۔

**E-16** اور جب اس زمین پر زندگی پوری ہو جائے اور آخری دعا کر دی جائے، اور تمام جنگوں کا خاتمہ ہو جائے دُھواں اُڑ جائے، ہتھیاروں کے انبار لگ جائیں، بائبل بند ہو جائے اور ہم تیرے گھر آ جائیں..... وہ عظیم ابدی، جلالی شفاف صبح نمودار ہو، اور جب چُنیدہ اپنے گھر میں آسمان سے اُس پار اکٹھے ہوں گے، جیسا کہ شاعر نے کہا..... خداوند جیسا ہم اس عظیم میز کو وہاں پھیلا ہوا دیکھتے ہیں، ہزاروں میل لمبا اس ضیافت کیلئے، میز کے آمنے سامنے ایک دوسرے کو دیکھتے ہیں، اس داغ دار جنگ عظیم کے خاتمہ پر، خوشی کے آنسو رخساروں پر بہہ رہے ہیں..... بادشاہ نکل کر باہر آتا ہے اپنی خوبصورت، پاکیزہ میز کے ساتھ ساتھ چلتا ہوا آتا ہے اور اپنے ہاتھوں سے ان کے آنسو پونچھ دیتا ہے، اور کہتا ہے کہ "اب مت رو اب یہ اختتام پذیر ہو چکا۔ خداوند کی حضوری میں خوشی کرو۔" تب راستہ کی مشقت کچھ نہ ہوگی، باپ، جب ہم راستہ کے اختتام پر ہوں گے۔

آج رات، خداوند جو باتیں بیت گئیں انہیں بھولنے میں ہماری مدد کرے، اب ہم اپنی اس عظیم بلاہٹ کیلئے دوڑے جاتے ہیں۔ اور ہونے دے کہ تیرا روح آئے اور تیرے بیٹے یسوعؑ کو ان لوگوں پر ظاہر کرے، اور ایک فانی انسان ہوتے ہوئے میں نے انہیں بتانے کی کوشش کی ہے کہ تو آج کل بلکہ ابد تک یکساں ہے۔ کیونکہ ہم یہ تیرے پیارے بیٹے یسوع مسیح کے نام میں مانگتے

ہیں۔آمین۔

**E-17** خداوند آپ کو برکت دے اور آج رات شفائیہ عبادت سے پہلے.....

اس چھوٹے بچے کے لئے مجھے معاف کریں جب میں اس کے متعلق بات کرتا ہوں تو میرے دل میں کچھ ہوتا ہے۔ مجھے یاد ہے کہ جب خدمت کیلئے پہلی بار میری بلاہٹ ہوئی تھی، جب انہوں نے دیکھا.....

مجھے بچپن سے ہی رویا ملا کرتی تھیں۔انہوں نے کہا ''بلی،تم اس معاملہ میں نہ پڑو''؛ کہا ''یہ شیطان ہے'' پادریوں کی طرف سے سکھائے جانے کے سبب، میں آدھا اس بات کو مان ہی چکا تھا کہ وہ رویا غلط تھیں..... تب وہ اس رات میرے پاس آیا اور مجھے بتایا کہ وہ کون ہے..... اوہ، میرے خدا۔

اور میں جانتا ہوں کہ وہ اب یہاں ہے۔اور میں اس کی موجودگی کو جانتا ہوں، اور میں جانتا ہوں کہ میں اس سے محبت کرتا ہوں۔ میں نے سوچا ''میں کیسے ایک شیطان ہوسکتا ہوں میں خداوند یسوع مسیح کو پیار کرتا ہوں میرا دل کیسا اس کے لئے روسکتا ہے وہ میرے دل کو جانتا ہے۔'' اور جب وہ آیا تو اس نے مجھے مختلف بتایا۔ میں اس کا یقین کرتا ہوں کیونکہ یہ عین خدا کے کلام کے مطابق ہے، لیکن اُن کی باتیں خدا کے کلام سے ثابت نہیں ہوتیں، کیونکہ ہم اس دن میں رہ رہے ہیں۔

**E-18** اور اب میرے مسیحی دوستو، میں آپ سے یہ کہنا چاہتا ہوں کہ جب اس سے میں خوفزدہ ہوا، کیا آپ سوچ سکتے ہیں کہ کیا ہوا تھا۔ میں اس کی وضاحت نہیں کرسکتا؛ یہ میری پہنچ سے پرے ہے۔لیکن میں اس قدر کمزور ہوجاتا ہوں کہ شاید میں مشکل سے ہی کھڑا رہ پاتا ہوں ایک یا دو لوگوں کو ملنے کے بعد۔آپ اسے نہیں سمجھ سکتے، لیکن کلام پڑھیں؛ وہ اس کی وضاحت کرتا ہے۔

**E-19** میں ایمان رکھتا ہوں کہ دانی ایل نبی نے رویا دیکھی تھی اس نے کہا کئی روز تک اس کے سر میں پریشانی رہی۔ یہ ٹھیک بات ہے نا؟ ایک بار یسوع، وہ عورت جو ایک بڑے ایمان کے ساتھ آئی تھی اس نے

اسے واپس مڑ کر دیکھا اور کہا ’’کہ مجھ میں سے قوت نکلی ہے‘‘۔

جبکہ بھیڑ وہاں لگی ہوئی تھی..... مسیحیو ،یہ میں نہیں ہوں۔میں تو صرف ایک انسان ہوں،سب سے بڑا گنہگار،لیکن ایک وقت مقرر ہوا کہ آپ کو پوری انجیل سنائی جائے۔یہ ٹھیک بات ہے۔فضل سے خدا کے فضل سے۔اس نے مجھے میرے بھائی بہنو میں سے بُلا لیا۔اور میں۔میں آپ سے پیار کرتا ہوں۔

اور آج رات ہم یہاں دیکھائی یا سنائی دینے کیلئے نہیں ہیں۔میں یہاں پیسوں کیلئے نہیں ہوں آپ..... یہ جانتے ہیں۔اسلئے میں جس وجہ سے یہاں ہوں وہ یہ کہ میں یسوع کو پیار کرتا ہوں میں آپ کو پیار کرتا ہوں۔اسلئے میں ایمان رکھتا ہوں کہ یہاں آنے کی دعوت کی بدولت، ہوسکتا ہے کہ وہ میرے وسیلہ کچھ کرے جو کہ آپ کو اس سے محبت کرنے والا بنائے اس پر ایمان لائیں اور شفا پا جائیں۔ میرا یہی مقصد ہے کہ میں یہاں ہوں۔خداوند آپ کو برکت دے۔

**E-20** پادری صاحبان اور تاجر بھائیو ایک بار پھر خداوند آپ کو برکت دے۔اب میں آپ سے کہتا ہوں کہ پیشتر اس سے کہ میں اپنے آپ کو بہت کمزور محسوس کروں ،کبھی کبھی میں منبر بھی نہیں چھوڑ پاتا۔میرا بیٹا اور منتظم ان سب کا دھیان رکھتے ہیں۔اور میں آپ سب کو الوداع کہنا چاہتا ہوں۔اور خداوند آپ کو برکت دے۔اور اگر پھر میں اِس عظیم دریا کے اس پار نہ مل سکوں تو میں آپ کو اُس صبح دیکھوں گا..... اور میرے پاس وہی گواہی ہوگی جو میرے پاس اب ہے: میں خداوند یسوع سے محبت کرتا ہوں۔

**E-21** اور یہ رویا: خدا مجھے رویا دیتا ہے،اور یہ سچ ہے، یہ بائبل جو میرے سامنے ہے اور خدا میرا گواہ ہے وہ یہ جانتا ہے۔اور میں صرف وہی کہہ سکتا ہوں اور کہتا ہوں جیسا کہ وہ مجھے اپنے فضل سے کرنے دیتا ہے۔اس کے لئے میرے لئے دعا کریں۔

اور میں ایک اور بات کہنا چاہتا ہوں۔ میں افریقہ۔ ہندوستان، فلسطین اور جرمنی جا رہا ہوں۔ اور یاد رکھیں ان ملکوں میں جیسا کے پہلے تھامت سوچیں کہ وہ ڈاکٹر اور جادوگر آپ کو وہیں للکاریں گے۔ اور آپ خوب جانتے ہیں کہ وہ کیا کر رہے ہیں یہ ٹھیک بات ہے۔ اور جب گرم اور بھاری ہوائیں چلتی ہیں مصیبتیں شروع ہو جاتی ہیں، اور مجھے یاد ہے کہ واشنگٹن ڈی سی میں کوئی میرے لئے دعا کر رہا ہے۔ کیا آپ مجھ سے اس بات کا وعدہ کرتے ہیں؟ تو ہاتھ اُٹھائیں۔ شکریہ خدا برکت دے۔ بہت شکریہ۔

**E-22** میرا خیال ہے کہ پچھلی شب انہوں نے ایک سو دعائیہ کارڈ دیئے تھے اور میرے خیال میں ان کا نمبر Y تھا۔ اور میرے خیال میں مَیں نے کل شب پہلے پندرہ نمبر بلائے تھے میرا خیال ہے یہ ٹھیک بات ہے، کیا ایسا ہی ہے بھائی؟ پہلے پندرہ کارڈ دیئے گئے تھے.....

اب ہم ان میں سے کچھ اور کو بلائیں گے۔ ہوسکتا ہے کہ آج شب بھی اگر ایمان بلند ہو رہا ہو تو ہم ان کے دو یا تین گروپ بلائیں گے۔ اور اگر نہ ہوا تو میں یہاں ہر فرد سے کہوں گا..... یہاں پر کتنے لوگ ہیں جن کے پاس دعائیہ کارڈ نہیں ہیں جو آج شب خدا سے شفا پانا چاہتے ہیں، جن کے پاس دعائیہ کارڈ نہیں ذرا اپنے ہاتھ اُٹھائیں؟ اچھا، لگ بھگ..... بتانا مشکل ہے؛ یہاں تو ہر طرف بہت سے ہیں۔ میں آپ سے کچھ پوچھنا چاہ رہا ہوں۔ ہوسکتا ہے کہ یہ میری آپ سے پہلی ملاقات ہو اور اس سے پہلے ہم کبھی نہ ملیں ہوں۔ یہ کتنا بُرا ہے کہ ہم اس عبادت میں زیادہ دیر رُک نہیں سکتے، اور آپ جانتے ہیں کہ الٰہی شفا کیسے پائی جاتی ہے۔ الٰہی.....

**E-23** بہت بار جب آپ شفا پا جاتے ہیں..... ایک بڑاؤ... شیاطین؛ یہ بیماری شیطان کی طرف سے ہے۔ خدا کبھی بھی اپنے بچوں پر بیماریاں نہیں بھجتا؛ یہ شیاطین ہیں۔ سمجھے؟ اور اگر شیطان ہی شیطان کو نکالے؟ آپ کہتے ہیں ''کہ شیطان بھی شفا دیتا ہے'' ٹھیک ہے یسوع نے کہا ''وہ یہ نہیں کر سکتا''، اس نے کہا ''اور اگر شیطان نے ہی شیطان کو نکالا، پھر اسکی بادشاہی کیونکر قائم رہے گی''۔ لہذا وہ یہ نہیں کرتا۔

صرف خدا ہی ہے جو شفا دیتا ہے۔

ادویات اور ڈاکٹر شفا دینے کا دعویٰ نہیں کرتے ۔ مایو برادر ہمارے ایک مستند معالج ہیں۔ انہوں نے کہا ''ہم شفا دینے کا دعویٰ نہیں کرتے ہیں''؛ کہا ''صرف کارخانہِ قدرت سے مدد دینے کا دعویٰ کرتے ہیں۔ صرف ایک ہی شافی ہے؛ اور وہ خدا ہے۔'' ڈاکٹر آپ کے ہاتھ کو ایک جگہ سے جوڑ سکتے ہیں، لیکن وہ اسے شفا نہیں دے سکتے۔ وہ صرف اسے جوڑ سکتے ہیں۔ ایک دانتوں کا معالج دانت نکال سکتا ہے، لیکن وہ کون ہے جو اس جگہ کو شفا دیتا ہے؟ ایک ڈاکٹر بدن سے اپنڈکس نکال سکتا ہے پر وہ کون ہے جو کٹی ہوئی جگہ کو شفا دیتا ہے؟ خدا دیتا ہے۔ ادویات خُلیہ نہیں بنا سکتی؛ ادویات صرف مدد فراہم کرتی ہیں۔ شفا خدا دیتا ہے۔ ایک ڈاکٹر آپ کا بازو ٹھیک جوڑتا سکتا ہے؛ اور جب وہ آتا ہے اور آپ کا ہاتھ جوڑتا ہے تو آپ فوراً ٹھیک ہو کر باہر نہیں چلے جاتے اور آپ شفایاب نہیں ہو جاتے..... ڈاکٹر اپنا کام کرتا ہے جو بھی اسے سیکھایا گیا ہے وہ تربیت یافتہ ہے۔ وہ آپ کا بازو درست طور پر جوڑتا ہے۔ پر اُسے شفایاب ہونے کے لئے خدا پر چھوڑ دیتا ہے۔ یہ ٹھیک بات ہے، ساری شفا خدا کے پاس ہے۔ اس لئے آپ اس پر ایمان رکھیں۔

**E-24** اور کبھی کبھی یہ فاسد پھوڑے، جب اس میں سے زندگی نکل جاتی ہے، یہ شیاطین ہیں۔ جب یہ پھوڑے مردہ ہو جاتے ہیں۔ یعنی زندگی آپ میں سے باہر چلی جائے تو، یقیناً آپ مر جائیں گے۔ آپ کی زندگی آپ میں سے چلی جائے گی لیکن بدن ابھی بھی وہیں ہے؛ وہ سکڑتا ہے۔ ابھی ابھی یہاں اگر کوئی تجہیز و تکفین کرنے والا ہے۔ وہ انسانی بدن کے مطلق جانتا ہے، کوئی بھی بدن زندگی نکلنے کے بعد سکڑتا ہے ۔ ایک چھوٹے جانور پر دھیان دیں جب وہ سڑک پر مرجاتا ہے ۔ وہ بھاری ہوگا..... اوہ آپ کچھ یہاں شکاری ہیں؛ اگر آپ ایک جانور کو مارتے ہیں، اسے قصاب کے ترازو پر رکھیں اور تولیں..... اسے ماریں اور وزن کریں۔ پھر اسے اگلی صبح تولیں دیکھیں وہ کتنے پاؤنڈ ہلکا ہو

گا۔اور پھر اسے دو تین دن پڑا رہنے دیں اور ترازو پر رکھیں یہ وزن میں بھاری ہو جائے گا۔

**E-25** اچھا اب، ایک فاسد پھوڑا، جب مرتا ہے، شیطان اس فاسد پھوڑے میں سے چلا جاتا ہے، رسولی، سرطان یا موتیا، وغیرہ۔ جب شیطان اس میں سے چلا جاتا ہے جو کہ زندگی ہے.....

ہر شخص یہاں ایک چھوٹے جرثومہ سے آتا ہے اور آپ کے یہ چھوٹے خُلیے بڑھنا شروع کر دیتے ہیں، اور یہ خُلیے باہر نکل آتے ہیں جو ایک انسان کو بناتے ہیں۔اور کتے کے خلیے کتا بناتے ہیں اور چڑیا کے خلیے چڑیا بناتے ہیں۔اپنی نوعیت کے مطابق، ہر ایک اقسام...

لیکن اب ایک شیطان جو کہ ایک فاسد پھوڑا ہے۔یا یہ فاسد پھورا نہیں بناتا..... وہ خُلیوں کو بڑھانا شروع کرتا ہے۔مثال کے طور پر سرطان ۔ یہ خُلیوں کو بڑھتا ہے اور بڑا کرتا جاتا ہے۔ٹھیک اب، اس میں زندگی ہے، اور یہ زندہ ہے۔ بالکل اسی طرح جیسے آپ اپنی ماں کے بطن میں زندہ ہیں اور برھتے ہیں، وہی چیز آپ میں بڑھ رہی ہے، لیکن یہ زندگی آپ کی نہیں ہے یہ دوسری زندگی ہے۔آپ کے پاس جینے کیلئے زندگی ہے۔اور یہ زندگی کی موت ہے، یا موت کی روح ہے، قدرے، اوہ، مجھے معاف کریں۔اور یہ موت ہے۔اب یہ اس سے علاقہ نہیں رکھتی؛ یہ پہلے وہاں نہیں تھی اب ہے۔

**E-26** اچھا تو اب کس نے اسے وہاں ڈالا؟ یہ صرف ایک ہی چیز سے آئی ہے اور وہ شیطان ہے۔ اور یہ جرثومہ ہے؛ سرطان، رسولی، اس طرح کی کوئی بھی چیز جرثومہ سے آتی ہے۔اور آپ بھی جرثامہ سے آئے ہیں سمجھے؟ اسلئے جب وہ مرتا ہے.....

مثال کے طور پر، موتیا: اگر کسی شخص کو موتیا ہے، جب اسے وہ روح چھوڑتی ہے تو وہ کہتا ہے "اوہ میں دیکھ سکتا ہوں، میں دیکھ سکتا ہوں" اور اگلے دن اور اچھا محسوس کرتا ہے۔لیکن پھر تقریباً 72 گھنٹوں کے بعد اس میں سراہٹ محسوس ہوتی ہے، یسوع کے جی اُٹھنے کی مانند۔

اب خُلیے ناقص نہیں، ہوتے، وہ تین دن رات سے پہلے جی اُٹھا، یہ درست بات ہے وہ جمعہ

بعداز دوپہر مواا ور اتوار کی صبح جی اُٹھا۔ کیونکہ داؤد نے کہا تھا کہ ''نہ وہ عالمِ ارواح میں چھوڑا گیا نہ اُسکے جسم کے سڑنے کی نوبت پہنچی۔'' یہ خُلیے 72 گھنٹوں بعد ٹوٹنا شروع ہو جاتے ہیں۔

اور تقریباً..... اور پھر مریض..... پھر اس میں سوجن ہونا شروع ہو جاتی ہے، پھر وہ فاسد پھوڑا بڑھنا شروع ہو جاتا ہے..... آپ کے دل کو یقیناً اسے گردشِ خون کے باعث بدن میں سے صاف کرنا ہوتا ہے۔

**E-27** کل رات میرے پاس ایک بہت ہی محترم خاتون آئی۔ دیکھنے میں خوبصورت، مگر ایک بڑے سرطان کے ساتھ ..... اس نے کہا، وہ قطار میں آئی، اس کا سر بالوں سے پوری طرح ڈھانپا ہوا تھا۔ میں کھڑا ہوا اور اس کی طرف دیکھا اور روح میں بولا، کہ اس کے سر میں سرطان ہے۔ اور میں نے کہا یہ باہر نکلنے والا ہے۔ اور وہ باہر نکل گیا، اور یہاں وہ اُس کے پاس ہے، میرا خیال ہے کہ آج رات یہ الکحل کی بوتل میں ہے، ہمارے پاس ایسے نمونے ہزاروں ہیں۔ کیا وہ خاتون اس عمارت میں ہے، آپ کھڑی ہو جائیں اگر آپ کہیں اس عمارت میں موجود ہیں..... تو اس بوتل کے ساتھ کھڑی ہو جائیں؟ یا ہوا میں ہاتھ لہرائیں یا ایسا ہی کچھ تاکہ کوئی آپ کو دیکھے۔ جی ہاں۔ وہاں وہ خاتون کھڑی ہے اس سرطان کے نمونہ کے ساتھ۔ اور میں نے انہیں یہاں سامنے منبر پر کھڑے دیکھا ہے، وہ سرطان کے حصے سفید ہو جاتے ہیں اور پھر بس گر جاتے ہیں اس منبر پر۔ سمجھے؟

**E-28** اب یہ ایک معجزہ ہے۔ بالعموم یہ فاسد پھوڑا جب ختم ہوتا ہے، تو اس میں سے زندگی نکل جاتی ہے۔ لیکن وہ فاسد پھوڑا باہر کی جانب نہیں گرتا وہ اندر کی طرف ہے۔ اور جب وہ گرتا ہے تو وہ وہاں کچھ عرصہ کیلئے پڑا رہے گا اور وہاں سوجن ہو جاتی ہے۔ کسی بھی بدن میں خُلیے ٹوٹنے لگتے ہیں۔ تب آپ بخار کے باعث بیمار ہو جاتے ہیں۔ 'یقیناً، یہ انفکشن ہے۔ اور پھر دل گردشِ خون کے باعث اسے بدن میں سے صاف کرتا ہے۔ وہاں آپ کے بدن میں ایک گوشت کا ڈھیلا پڑا ہے۔ مریض بہت بیمار ہو جاتا

ہے۔تب آپ کہتے ہیں ''اوہ، مجھے تو منبر پر بہت اچھا لگ رہا تھا اور ایک دو دن بھی اچھا لگا۔لیکن میرا خیال ہے کہ میں اپنی شفا کھو چکا ہوں۔''

**E-29** کیوں، بھائیو اور بہنو یہ دنیا میں سب سے اچھا نشان ہے کہ آپ شفا پا چکے ہیں۔سمجھے؟ پھر آپ بے یقینی کا شکار ہو جاتے ہیں،اور آپ کی یہ بے یقینی اس سرطان میں واپس زندگی لے آتی ہے۔ سمجھے؟ یہ اسے پھر زندہ کر دے گا۔یاد رکھیں،یسوع نے کہا''جب ناپاک روح آدمی میں سے نکلتی ہے تو سوکھے مقامات میں آرام ڈھونڈتی پھرتی ہے اور نہیں پاتی..... پھر جا کر اور سات روحیں اپنے سے بُری ہمراہ لے آتی ہے۔'' کیا یہ درست ہے؟اور گھر کا اچھا مالک.....؟

اس سے کچھ فرق نہیں پڑتا کہ آپ کیسا محسوس کر رہے ہیں.... یہ وہ نہیں ہے جو آپ محسوس کر رہے ہیں؛ یہ وہ ہے جو آپ ایمان رکھ رہے ہیں۔یسوع نے کبھی نہیں کہا''کیا تم محسوس کر رہے ہو؟ ''اس نے کہا''کیا تو اس پر ایمان رکھتا ہے؟''....؟.... خداوند برکت دے۔ٹھیک ہے۔

**E-30** اب ہم دیکھیں، میں یقیناً کل رات Y-100 دعائیہ کارڈ تقسیم کئے گئے ہیں۔ہم نے کبھی بھی وہ سارے نہیں لئے۔آج رات ہم تقریباً 15 کو لینے کی کوشش کریں گے۔کس کے پاس کارڈ 80؟ اوہ،نہیں 85۔آپ اپنا ہاتھ بلند کر سکتے ہیں؟اگر کوئی یہاں ہے کوئی وہاں پیچھے، کارڈ نمبر 85؟

**E-31** ٹھیک ہے،کارڈ نمبر 86؟کس کے پاس ہے،ٹھیک ہے۔87،87؟اگر آپ موجود ہیں تو برائے مہربانی،کیا میں کسی کو کارڈ نمبر 87 کے ساتھ دیکھ سکتا ہوں کیا آپ کھڑے ہو سکتے ہیں 80؟ ٹھیک ہے، 87 دیکھیں عین ممکن ہے کوئی اسٹیچر پر ہو؛ وہ کھڑا نہ ہو پا رہا ہو؛ ہو سکتا کہ وہ بہرہ ہو۔اور وہ کہتے ہیں''کہ کسی نے میری مدد نہ کی''اور مجھے میرے دفتر میں اُلٹا سننا پڑتا ہے۔وہ کہتے ہیں''کہ بھائی ہم وہیں تھے۔آپ نے بس کہا اور بس کسی نے میری مدد نہیں کی''ہو سکتا ہے کہ وہ بہرا ہو۔

اب دیکھیں ہمارے پاس 85,86,87 ہیں دیکھیں اپنے برابر بیٹھے ہوئے شخص کے کارڈ کو

دیکھیں۔شاید وہ بہرا ہوا اور سن نہ پا رہا ہو۔شکریہ،بہن۔88؟کس کے پاس 88 نمبر ہے؟دعائیہ کارڈ نمبر 88 کیا وہ اس عمارت میں ہے؟ٹھیک ہے۔ 89؟کی 89 نمبر ہے 89 کیا آپ کھڑے ہو سکتے ہیں؟کیا 89 نمبر کیلئے ہاتھ کھڑا ہوا ہے ٹھیک ہے،90؟ ...... (یہاں ٹیپ خالی ہے.....ایڈیٹر)
(''فقط ایمان رکھیں''اب ٹھیک ہے)

اب آپ جو اندر ہیں.....اب آپ وہی کریں جو وہ کہتا ہے۔اس سے کوئی مطلب نہیں کہ وہ کیا کرنے کو کہتا ہے۔بس آپ کریں جو وہ کہتا ہے۔

**E-32** اب،میں آپ کا بھائی ہوں اور میں صرف ایک انسان ہوں۔اب وہ آئے گا اور اس بیچارے ڈھانچہ(جسم)کو لے گا،اور اسے اتنا برکت دے گا کہ اس کی مقدس روح کا کام اسکی بدولت ہو،تب آپ دیکھیں گے کہ یسوع مسیح حاضرین میں کام کر رہا ہے۔

اب اس سے کوئی مطلب نہیں کہ وہ یہاں اپنے آپ کو کتنا صحیح ثابت کرے گا،اگر آپ اس پر ایمان نہ رکھیں گے تو وہ آپ کیلئے کچھ نہیں کر سکتا۔کیا یہ ٹھیک بات ہے؟اس سے کوئی مطلب نہیں کہ وہ میری دہنی طرف کھڑا ہے،یا آپ اُسے صریحاً دیکھ سکیں،ٹھیک ہے،اگر آپ مجھ پر ایمان نہ رکھیں،تو میں آپ کے لئے کچھ نہیں کر سکتا۔لیکن میرے الفاظ صرف وہی ہوں گے جو اس نے اپنے کلام مقدس میں کہے ہیں؛اور میں اپنے پورے دل سے دعا کروں گا کہ وہ آپ کی مدد کرے۔کیونکہ یہاں پر غالباً والدین ہوں گے اور اسی طرح،وہ جو بیمار مقروض اور ضرورت مند ہونگے۔اور میں اپنی پوری استعداد سے خدا سے کہوں گا کہ وہ آپ کی مدد کرے۔

**E-33** ٹھیک ہے،یہاں اس طرف سیدھی قطار بنائیں۔اب آئیں ہم اپنے سروں کو دعا کے لئے جُھکائیں گے۔

مہربان باپ،ہم تیرے بیٹے یسوع کے نام میں دعا کرتے ہیں کہ ہونے دے کہ روح

القدس اب آئے اور یسوع مسیح کے کام کو کرے۔ان لوگوں کو ہر جگہ برکت دے، اور شفا دے اور انہیں اچھا کرے،انہیں صحت منداور دلشاد کرے۔

اوراب باپ تو یہ کرتے ہوئے اپنے کمزور خادم کو جانتا ہے۔اور میں نہیں جانتا کہ کیا کہوں یا کیا کروں۔اوراب یہ سب میں نے تیرے حکم سے کیا ہے۔اور میں ایمان رکھتا ہوں کہ تو آج رات یہاں ہوگا اوران لوگوں کو برکت دے گا اوران کی مدد کرے گا۔اور باپ اگر تو روح القدس کو اپنے بندہ پر آنے دے اوران باتوں کو ہم پر منکشف کرے، کہ ہمیں کیا کرنا چاہئے اور ہمیں اُنہیں کیسے کرنا چاہیے، تو ہم دلشاد اور شادمان ہونگے۔اور یہ حاضرین اپنے دل سے تجھ پر ایمان لائیں گے۔

اوراے باپ تیرا خادم ہونے کے باعث؛ تجھ سے درخواست کرتا ہوں کہ آج رات اس عمارت میں سے،ایک بھی شخص کمزور واپس نہ جائے۔ہونے دے کہ ہرایک اچھا،صحت منداور شادمان ہوتا ہوا جائے۔ہونے دے اے باپ،کیا تو یہ کرے گا؟ میں شائستگی اور دلی ایمان کے ساتھ یہ یسوع مسیح کے نام میں مانگتا ہوں۔آمین۔

**E-34** اب بہت بار..... (اچھا،اب کوئی ان بتیوں کو دیکھ رہا ہے؟ کوئی ان بتیوں کو دوسری جانب موڑ سکتا ہے؟ )اوراب یہ روح القدس کبھی کبھی آتا ہے..... اور آپ میں سے بہتروں نے اُس تصویر کو دیکھا ہے۔اوراگر میں پھر کبھی آیا تو میں آپ لوگوں کیلئے بہت کچھ لاؤں گا۔جیسا کہ بھائی مُور آج رات بتارہے تھے،اسے متعدد بارلیا گیا ہے۔اور کتابوں میں میرا خیال ہے کہ آپ سب کو یہ مل گیا ہے، میرے پاس دوصندوق تھے اور میں اُمید کرتا ہوں کہ آپ ان سے لطف اندوز ہوئے ہوں گے۔

**E-35** اوراب آپ اس میں دیکھیں گے،اورایک اورتصویر دیکھیں گے جس سے یہ طے ہوگا ہے کہ اخباری فوٹوگرافر نے اسے کاٹن ارکانساس میں لیا۔لیکن یہ امریکن ایسوسی ایشن کی مانند مستند نہیں ہے۔ اوراُنہوں نے اسے اُتارااور یہ تب مستند ہوگیا۔

اسلئے ہم اور بہت سے ہزاروں لوگ روح القدس ..... یہاں کچھ عرصہ پہلے میں دریا کے کنارے کھڑا تھااورتحریکِ بیداری کے باعث پانچ سو بپتسمے دیئے ،اور وہ ٹھیک وہاں جہاں میں کھڑا تھا اُتر آیا۔اورلوگ بے ہوش ہو گئے اور وہ وہی تھا۔اور یہ ایک گرج کی شور کی مانند تھا گول آگ گھومتی ہوئی آگ کی مانند تھا۔میں دعا کرتا ہوں کہ آج رات خدا جیسا وہ پیشتر ظاہر ہواان حاضرین پر ایک بار پھرظاہر ہو،اگر خدا کی مہربانی مجھ پر ہو۔

آپ اس کو سمجھ سکتے ہیں کہ یہ کچھ کو نظر آ سکتا ہےاور کچھ کو نہیں۔ہم اس کے متعلق نہیں سوچتے، لیکن ایسا ہوتا ہے۔یوحنا ہی ایک تھا جس نے گواہی دی کہ خدا کا روح یسوع کے اوپر دکھائی دے رہا ہے کیا یہ ٹھیک ہے؟ حاضرین نے کبھی نہیں کہا..... اور مجوسی اُس ستارے کے پیچھے چلے۔کیا آپ اس پر ایمان رکھتے ہیں؟اور یہ ہراُس رصدگاہ سے نکل گیا جہان سے اجرام فلک کا مشاہدہ کیا جا سکتا تھا،اور تمام ہفتوں اور مہینوں سے ہوتا ہوا مشرق سے آیا۔اور وہ ستاروں سے وقت کو مقرر کرتے تھے؛انہوں نے ساری رات دیکھا؛ اور ہر لمحہ دھیان رکھا؛اور کسی اور نے اسے نہ دیکھا۔لیکن ان مجوسیوں نے اُسے دیکھا،کیونکہ وہ اُسے تلاش کرر ہے تھے۔آپ آج رات مسیح کو تلاش کرر ہے ہیں؛اور آپ اُسے دیکھیں گے۔خداوند یسوع آپ کو برکت دے۔ٹھیک ہے۔

**E-36** بلی پالؔ اور بھائی مُوراور آپ میں سے کچھ کیا یہ سب تیار ہیں؟ ٹھیک ہے۔کیا انہوں نے ساری قطار بنالی ہے بلؔی سارے پندرہ کے پندرہ؟ سارے پندرہ قطار میں ہیں.... اب باقی آپ ان لوگوں کیلئے جنہوں نے ایک بار کوشش کی اور دعائیہ کارڈ نہیں ملا آپ جانتے ہیں کہ آپ قطار میں نہیں ہوں گے،میں چاہتا ہوں کہ آپ اس طرف دیکھیں اور فقط ایمان رکھیں۔اور آپ اس عورت کی مانند ایمان رکھیں جس نے اُس کی پوشاک کو چھوا تھا۔اور اُس نے پھر کر کہا ''تیرے ایمان نے تجھے اچھا کیا۔''

**E-37** کیا آپ ایمان رکھتے ہیں کہ وہ آج رات ویسا ہی ہے؟ کیا آپ ایمان رکھتے ہیں کہ اُس ہو، ہا، والی بھیڑ میں، وہ بیچارہ بوڑھا اندھا یریحو کی دیوار کے ساتھ بیٹھا ہوا ہے شاید عمارت سے کچھ فاصلہ پر، اور چیخ وپُکار کررہا ہے، ''مجھ پر رحم کر''..... یسوع نے شاید کبھی بھی اس کی آواز نہ سنی تھی۔ اس نے اس کے ایمان کو اس ساری بھیڑ میں محسوس کیا۔ وہ مُڑا اور کہا ''تیرے ایمان نے تجھے اچھا کیا۔''

وہ لوگوں کی طرف پھیرا اور کہا ''تم اپنے دلوں میں کیا سوچتے ہو؟'' اس عورت سے کہا ''جا اپنے شوہر کو بلالا۔'' اور کہا ''جب تک باپ مجھے نہ دکھائے میں کچھ نہیں کرسکتا۔''.... (یہاں ٹیپ خالی ہے.... ایڈیٹر)

میں آپ سے کچھ پوچھتا ہوں جو کچھ بھی میں نے کہا کیا وہ سچ ہے، اور اگر وہ سچ ہے تو خدا اپنے کلام کا پابند ہے۔ میرے لئے نہیں بلکہ اپنے کلام کیلئے۔ کیا یہ ٹھیک ہے؟ وہ اپنے کلام کیلئے پابند ہے۔ اور پھر وہ اُسے ظاہر کرے گا جیسا اُس نے کہا تھا۔ اور جب وہ ایسا کرتا ہے اور اگر آپ جو یہاں موجود ہیں آپ نے یسوع مسیح کو قبول نہیں کیا، تو کیا آپ اسے قبول کریں گے؟

اور آپ جو یہاں ہیں جب آپ اُسے دوسروں پر رحم کرتے ہوئے دیکھتے ہیں، تو وہ یہ رحم آپ پر بھی کرے گا اگر آپ ایمان رکھیں۔ صرف دعا کریں اور کہیں ''کہ خداوند میں ایمان رکھتا ہوں اور میں چاہتا ہوں کہ آج رات تو مجھے شفا دے'' اور خدا ایسا کرے گا۔

**E-38** ہم ابھی حال میں ہی افریقہ سے آرہے ہیں، جہاں میں پھر کچھ ہفتوں میں واپس جارہا ہوں: افریقہ، بھارت، فلسطین۔ جرمنی.... (یہاں ٹیپ خالی ہے .... ایڈیٹر) خدمت کیلئے۔ اور ڈربن، ساؤتھ افریقہ تقریباً تین یا چار لوگوں کا دعائیہ قطار میں سے نکل جانا اور انہوں نے روح القدس کو لوگوں میں کام کرتے ہوئے دیکھا، اور دیکھا کہ خدا کیا کررہا تھا، اور 30 ہزار لوگوں نے منبر سے ایک ہی بلاہٹ میں مسیح کو شخصی نجات دہندہ قبول کیا: ایک ہی وقت میں 30 ہزار۔

اسلئے میں ایمان رکھتا ہوں کہ ہم خدا کے کلام کو ایک حکم کے طور لیں گے اور ساری دنیا میں جا کر انجیل کو سنائیں گے ....انجیل کی خوشخبری نہ صرف الفاظوں میں آئی ، بلکہ روح القدس کی قوت اور کاموں کے ذریعہ۔اس لئے انجیل کی خوشخبری روح القدس کی قوت اور کام ہیں۔

**E-39** میں بہت سی قوموں میں گیا ہوں: وہ کہتے ہیں ''اب ہمیں مشنری نہیں چاہئیں۔ہم اس کے مطلق آپ سے زیادہ جانتے ہیں۔لیکن جو ہم دیکھنا چاہتے ہیں وہ یہ ہے کہ کسی کے پاس اتنا ایمان ہو کہ خدا کے کلام کو ظہور پذیر ہوتا دیکھیں۔'' یہی ہے جو وہ دیکھنا چاہتے ہیں۔اور اسی چیز نے انہیں نیا مسیحی بنا دیا۔اور وہ اسی بدولت مسیح کو پاتے ہیں کیونکہ وہ اس پر ایمان رکھتے ہیں۔اور میں خدا پر اپنے سارے دل سے ایمان رکھتا ہوں کہ یہاں آج رات بہت سے ہوں گے جو مسیح کو اُسی طور پائیں گے۔ایسا ہو کہ یسوع ناصری یہاں ہر ایک کو برکت دے، یہی میری دعا ہے۔

**E-40** اچھا اب ٹھیک ہے؟ کوئی انسان خدا کو کبھی نہیں ڈھونڈتا ؛ خدا انسان کو ڈھونڈتا ہے۔اس سارے جہان میں کبھی کسی نے خدا کو نہیں ڈھونڈا، خدا انسان کو تلاش کر رہا ہے۔ جب انسان پہلی بار باغِ عدن میں گرا، تو یہ انسان کے کھچاؤ کو ظاہر کرتا ہے۔انسان چھپا؛ خدا انسان کو ڈھونڈ رہا تھا۔یسوع نے کہا'' کوئی میرے پاس نہیں آ سکتا جب تک باپ جس نے مجھے بھیجا ہے اُسے کھینچ نہ لے.....'' اُسے پہلے خدا کی طرف سے ہی کھینچا جانا ہے۔

تب میں، کسی چیز کی وضاحت کرنا چاہتا ہوں۔ایک رویا کو دیکھنا یہاں پر کتنے لوگ ہیں جنہوں نے کبھی خواب دیکھا ہے، میں آپ کے ہاتھ دیکھنا چاہتا ہوں۔میرا خیال ہے کہ آپ میں سے دو تہائی۔ یہ درست ہے کہ بہت سے لوگ خواب نہیں دیکھتے۔یہ آپ کا تحت شعور ہے؛ ہم نے یہ سیکھا ہے۔ یہاں آپ کا پہلا شعور ہے۔اور یہاں آپ کا تحت شعور ہے۔اب یہ تحت شعور میں روح القدس کے وسیلہ کیا بتانے کی کوشش کر رہا ہوں، کہ اس سے کام کروں۔ یہ پہلا شعور..... میں یہاں اس شخص یا

کسی بھی شخص سے پوچھ سکتا ہوں ''کیا آپ ایمان رکھتے ہیں؟'' ''اوہ، جی جناب۔'' آپ اس پر یہاں ایمان رکھتے ہیں، لیکن اس نیچے بیٹھے ہوئے شخص کے متعلق کیا خیال ہے؟ یہی ہے جو اس پانی کے جہاز کو چلاتا ہے، یہ آدمی نہیں جو اوپر پاور ہاؤس میں ہے؛ یہ وہ شخص ہے جو یہاں انجن روم میں ہے

**E-41** جب کبھی آپ سو جاتے ہیں تو آپ تحت شعوری میں چلے جاتے ہیں اور آپ خواب دیکھتے ہیں۔ اور آپ خوابوں میں وہ باتیں دیکھتے ہیں جو آپ نے یہاں رہتے ہوئے کی ہیں۔ اور جب آپ جاگ جاتے ہیں تو آپ خوابوں کی باتوں کو یاد رکھتے ہیں۔ بہت سال پہلے دیکھے ہوئے خواب؛ ابھی بھی آپ کو یاد ہونگے۔ اچھا یہ آپ کا جزو کہیں تھا (یہ ٹھیک بات ہے نا؟) یا یہ آپ کو یاد نہیں ہے۔ کچھ ایسا جو برسوں پہلے آپ نے خواب دیکھا.....

اب وہ شخص جو گہری نیند سوتا ہے اس کا تحت شعور یہاں پیچھے رہتا ہے، اسے کبھی نہیں ملتا۔ لیکن اس کی ایک بصیرت، اسکا تحت شعور وہاں پیچھے نہیں ہوتا، اور نہ ہی یہاں ہوتا ہے؛ یہ ٹھیک یہاں ہوتی ہے۔ وہ سوتا نہیں ہے، وہ اپنی آنکھیں کھلی رکھتا ہے، اور بس وہ دیکھتا ہے۔ اب خدا انسان کو یہ جگہ دیتا ہے جہاں وہ گہری نیند میں سوتا ہے اور خواب نہیں دیکھتا؛ خدا انسان کو طریق دیتا ہے کہ وہ خوابوں کو دیکھے۔ میں کہوں ''کہ مجھے ایک خواب دے'' آپ ایسا نہیں کر سکتے۔

**E-42** ٹھیک ہے تب خدا اپنی کلیسیا میں کچھ، رسول، نبی اور شفا کی نعمت کو رکھتا۔ کیا یہ ٹھیک ہے؟ یہ سب کلیسیا کو کامل کرنے کیلئے ہے۔ پولوس نے کہا ''..... اور سب کے سب بیگانہ زبانیں بولیں اور ناواقف یا بے ایمان لوگ اندر آ جائیں تو کیا وہ تم کو دیوانہ نہ کہیں گے؟ لیکن اگر سب نبوت کریں..... اسکے دل کے بھید ظاہر ہو جائیں گے۔ تب وہ منہ کے بل گر کر خدا کو سجدہ کریگا اور اقرار کرے گا کہ بیشک خدا تم میں ہے'' کیا یہ ٹھیک ہے؟ کیا یہ انجیل ہے؟ کیا یسوع مسیح گزرے کل ایسا نہ تھا؟ کیا وہ آج نہیں ہے؟ آپ غیر زبانیں بولنے کے باعث اس کا یقین کر سکتے ہیں؛ آپ روح القدس

کے باعث اس پر ایمان لا سکتے ہیں؛ لیکن میں اس پر پورے طور پر ایمان رکھتا ہوں کہ وہ وہی خداوند یسوع ہے۔ وہ مُردہ نہیں ہے؛ وہ مردوں میں سے جی اُٹھا اور آج رات اس منبر پر ہے۔ وہ آپ کو برکت دے اور آپکی مدد کرے۔

**E-43** میں اس ریاست میں اس سے پیشتر کبھی نہیں آیا۔ اور جہاں تک میں جانتا ہوں یہاں پر مجھے کوئی بھی ایسا نہیں دکھتا جیسے میں جانتا ہوں۔ اس منبر پر بہت تھوڑے ہیں جنہیں میں جانتا ہوں بھائی بوز مجھے یہ یاد ہیں؛ ان سے آگے بیٹھے ہوئے آدمی کو بھی میں نے دیکھا ہے۔ مجھے ان کا نام یاد نہیں، لیکن..... میں اور بھائی لِنڈ سے..... ہوسکتا ہے کہ یہاں اس عمارت میں تین یا چار خادم بیٹھے ہیں جنہیں میں جانتا ہوں..... لیکن خدا آپ سب کو جانتا ہے۔ کیا یہ سچ ہے؟ وہ آپ سب کو جانتا ہے۔

**E-44** اب یہ خاتوں یہاں کھڑی ہے، اور خدا جانتا ہے کہ میں نے اس خاتون کو کبھی نہیں دیکھا، جیسا کہ میں جانتا ہوں۔ خاتون کیا ہم ناشناسا ہیں؟ ہم مکمل طور پر ناشناسا ہیں۔ لیکن خدا اسے جانتا ہے۔

اب یسوع کل آج بلکہ ابد تک یکساں ہے، تو وہ اب رُخ کو آگے بدل دے گا۔ کل وہ کیا تھا جب وہ اس عورت کے متعلق جاننے کی کوشش کرر ہا تھا، اس نے کہا ''مجھے پانی پلا۔''

اس نے کہا ''تو یہودی ہو کر مجھ سامری عورت سے کیوں پانی مانگتا ہے؟۔''

لیکن یسوع نے اس سے تھوڑی سی بات کی اور اس نے ڈھونڈ لیا کہ اس کا مسئلہ کیا ہے۔ کیا یہ ٹھیک ہے؟ اچھا اب، یسوع مُردوں میں سے جی اُٹھا ہے اور وہ آج رات ہمارے درمیان موجود ہے۔ ''تھوڑی دیر باقی ہے دنیا پھر مجھے نہ دیکھے گی، مگر تم مجھے دیکھتے رہو گے، کیونکہ میں ('میں' ضمیر شخصی ہے۔) دیکھو میں دنیا کے آخر تک ہمیشہ تمہارے ساتھ ہوں اور تمہارے اندر ہوں۔'' اب انجیل سچائی ہے۔ آپ نے اسے اس طرح نہ پڑھا ہو یا سوچا ہو لیکن بائبل میں اسی طور بیان کیا گیا ہے۔ آپکے علم الٰہیات نے اسے کہیں چھوڑ دیا ہے، لیکن بائبل میں اسی طور لکھا ہے: ''دیکھو میں دنیا کے آخر تک ہمیشہ

تمہارے ساتھ ہوں اور تمہارے اندر ہوں۔"

**E-45** اب آپ جانتے ہیں کہ میں کسی چیز کا انتظار کر رہا ہوں۔ یہ سچ ہے۔ یہ خداوند کا فرشتہ ہے۔ یہ سچ ہے۔ میں اتنا ہی محتاج ہوں کہ جتنا میں ہوسکتا ہوں، جیسا کہ آپ میں سے کوئی بھی۔ عین ممکن ہے کہ یہاں کچھ تنقید نگار بیٹھے ہوں۔ آپ میں سے کتنوں نے اُس کی تصویر دیکھی ہے، میری عبادات میں، آپ جانتے ہیں اور دیکھتے ہیں جہاں سائنس نے سائنسی اصولوں کے مطابق اُس کی تصویر بنائی ہے، عظیم روشنی۔ جو اُتر آئی؛ آپ اسے دیکھ سکتے ہیں۔ جی آپ میں سے کتنوں نے۔ اوہ یہ، ہزاروں کا پیاں بیچی جا چکی ہیں۔ ڈگلس اسٹوڈیو ہوسٹن ٹیکساس جہاں ایک امریکہ کے بہترین محقق جارج جے لیسی نے اسکا ہر طرح سے جائزہ لیا کہ یہ دوبارہ ایکسپوز تو نہیں ہوئی۔ اور یسوع مسیح نے اسے الزامات سے بھری کیا کیونکہ وہ آج کل بلکہ ابد تک یکساں ہے۔

**E-46** اب بیشک میں اس کا انتظار کر رہا ہوں کہ آج رات وہ میری مدد کرتا ہے کہ نہیں، میں نہیں جانتا۔ اگر میں نے کوئی بات گھمنڈ میں یا غیر معمولی کہہ دی ہو تو خدا مجھے معاف کرے۔ میرا ایسا کرنے کا کوئی ارادہ نہ تھا، اور نہ ہی میرا کوئی ایسا مطلب تھا، میں تو بڑی فروتنی کے ساتھ یسوع مسیح کو پیش کرتا ہوں جو اس وقت میری سن رہا ہے۔ اور اسکا رحم آج رات یہاں ہو یہ سب باتیں کہتے ہوئے اور وہ اپنے کلام میں یہاں آئے اور ہماری مدد کرے یہ میری دعا ہے۔

**E-47** اور اب یہاں کوئی آرگن بجانے والا ہے؟ اگر ہے تو دھیمی آواز میں "فقط ایمان رکھیں" بجائیں، اور ہر ایک دعائیہ ماحول میں رہے۔ یقیناً آپ ہونگے، آپ اپنا سر جب تک، کہا نہ جائے مت جھکائیں۔

اب آپ جو دعائیہ قطار میں آرہے ہیں، اگر وہ آپ کو سرزنش کرے آپ کو چاہئے کہ اگر وہ کہے کہ یہ ہے تو وہ سچ ہوگا۔ تو آپ کو ضرور ہی وہاں کھڑے رہنا چاہیے آپ کو یہ جان لینا چاہیے کہ اگر وہ

کہے کہ یہ میں نہیں ہوں؛ یہ وہ ہے۔تو جا کر اس معاملے کو ٹھیک کریں۔

پہلی بات جو آپ کر سکتے ہیں اس سے پیشتر کہ آپ الٰہی شفا پا سکیں آپکو اسکی وجہ تلاش کرنی چاہیے۔پیشتر اس کے کہ آپ شفا پائیں۔اگر آپ ڈاکٹر کے پاس بیمار اور پریشان جاتے ہیں وہ آپ کو ایک اسپرین دے دے تو وہ ایک اچھا ڈاکٹر نہیں ہے؛ وہ آپ سے پیچھا چھڑانا چاہتا ہے۔اگر وہ اچھا ڈاکٹر ہے تو وہ معاملہ کی تشخیص کر لینے تک، کام نہیں کرتا اور اس کی وجہ معلوم کر لینے کے بعد۔وہ وہاں سے اپنا کام کرنا شروع کرے گا۔

**E-48** اور یہی چیز ہم یہاں پر کرتے ہیں۔شاید کوئی بدروح..... یا کوئی ایسا گناہ جس کی توبہ نہ کی ہو یا اسی طرح کچھ۔یا کچھ جو خدا کی مرضی کے خلاف ہو، آپ ان پر ساری رات تیل ملیں روئیں چلائیں جو چاہیں کریں، وہ بدروح وہیں پر رہے گی، یہ ٹھیک بات ہے۔یہ اس کا حق ہے۔جی، تاہم اس پر آپ کو دھیان دینا چاہیے۔خدا نے کسی وجہ سے اسے لعنت کے نیچے رکھا ہے، تب آپ آتے ہیں اور اُسے ہٹا دیتے ہیں، تو آپ پریشانی میں پڑ جائیں گے جیسا کہ موسیٰ نے کیا۔یہ ٹھیک بات ہے۔

وہ روح القدس یہاں ہے۔اب میں خدا کے بیٹے یسوع مسیح کے نام میں یہاں موجود ہر شخص کو اسکے جلال کیلئے اپنے اختیار میں لیتا ہوں۔

**E-49** بہن میں اب ایک منٹ آپ سے بات کرنا چاہتا ہوں۔کیا آپ اس سے جو کچھ یہاں ہو رہا ہے باخبر ہیں۔دیکھیں..... یہ ابھی ابھی وقوع پذیر ہوا۔اگر یہ سچ ہے تو پھر اپنے ہاتھوں کو اٹھانے کی بدولت لوگ دیکھیں۔یہ ٹھیک بات ہے۔سمجھے؟ یہی وہ ہے یہ اسکی حضوری ہے۔یہ سچ ہے۔سمجھے؟

اب میں آپ سے ناواقف ہوں اور میں نے کبھی بھی آپ کو اپنی زندگی میں نہیں دیکھا۔اب یسوع مسیح کا روح القدس جس کے لئے میں نے کہا کہ وہ آج کل بلکہ ابد تک یکساں ہے؛ اگر میں نے لوگوں کو درست گواہی دی ہے اور اسے درست ثابت کیا ہے اور وہ یکساں ہے تو وہ مجھ پر آپ کیلئے کچھ

ظاہر کرے گا اور اس سے اس پر ایمان لانے میں آپ کی مدد ہوگی۔آپ یہاں ہیں میں نہیں جانتا کہ آپ کی کیا ضرورت ہے، چاہے.... وہ جانتا ہے۔اب اگر خدا اس کی اجازت دے گا تو کیا آپ اپنی الٰہی شفا کو قبول کریں گے....یا..یا... جو کچھ بھی آپ چاہتے ہیں، مالی معاملات، یا جس مقصد کیلئے بھی آپ یہاں پر ہیں اُسے اُس بات کیلئے ڈھونڈیں یا اس مقصد کو اس سے مانگیں، یا گھریلو پریشانی یا کچھ بھی ہوسکتا ہے جو بھی ہے وہ جانیں گا اور وہی مجھے بتانے کے قابل ہے۔یہ ٹھیک ہے نا؟ اور وہی ہو جائے گا جیسے وہ اُس عورت سے اس کنویں پر بات کررہا تھا،

اب میں صرف آپ سے بات کررہا ہوں جیسا کہ اس نے کیا تاکہ آپ کی روح سے رابطہ بناؤں۔اور میں دیکھتا ہوں کہ آپ مجھ سے دور جارہی ہیں آپ کو میں دیکھتا ہوں کہ ایک بیانک حادثہ یہ ایک کار کی تباہی ہے اور آپ اس کی بدولت ہوا میں اچھل گئیں اور اس سے آپ کی گردن میں کہیں کچھاؤ آ گیا اور آپ کی گردن میں سرطان ہونے کی وجہ بنی، اوہ آپ ایک بائبل ٹیچر ہیں اور آپ اس بات پر ایمان رکھتی ہیں کہ یسوع مسیح آپ کو شفا دے گا؟

خدا باپ، میں تیرے بیٹے خداوند یسوع مسیح کے نام میں خدا کے بااختیار کلام سے اس مرتی ہوئی عورت میں، اس بری چیز کو حکم دیتا ہوں کہ اسے چھوڑ دے۔

اے شیطان تو بے نقاب ہو چکا ہے۔اسلئے تو اس عورت میں سے باہر نکل آیا جیسا کہ زندہ خدا کی کلیسیا پکارتی ہے کہ خداوند یسوع مسیح کے نام میں اسے چھوڑ دے۔آمین

اب بہن تھوڑی دیر رُکیں۔'میں آپ سے بات کرنا چاہتا ہوں، ٹھیک ہے آپ جانتی ہیں یہ سب چلا گیا ہے۔دیکھتے ہیں کہ کیسے آپکا گلا؟..... ''بہن میں سے یہ سب چلا گیا ہے گھیگا بہن کے گلے کو چھوڑ کر گیا ہے اور وہ..... وہ خداوند آپ کو برکت دے۔اپنی راہ جائیں اور شکر گزاری، خوشی اور شادمانی کریں۔آپ تشریف لے جائیں۔

**E-50** اب فقط خداوند یسوع پر ایمان رکھیں۔اپنے اندر ابھی یسوع کو اپنی سوچوں کا مرکز بنالیں جیسا کہ آپ ان باتوں پر سوچتے ہیں، جیسا کہ وہ سب ''ایک دل ہو کر دعا میں مشغول رہے'' یاد رکھیں یسوع مسیح آج کل اور ابد تک یکساں ہے۔اب فقط ایمان رکھیں۔ حاضرین دھیان دیں ایماندار و اپنے پورے دل سے اپنی غیر منقسم توجہ دیں۔دعا میں مشغول رہیں۔خدا پر مضبوطی سے ایمان رکھیں۔

اب میرا خیال ہے کہ یہی خاتون ہے۔کیا کیا یہی مریض ہے؟ ٹھیک ہے، بہن قریب آجائیں۔یقیناً یہ اب آپ کو دُکھ نہیں دے گا۔یہ اس کی حضوری ہے دیکھئے، آپ کے تعاون کا شکریہ۔

حاضرین، میں آپ کا بھائی ہوں یہ علم النفس نہیں ہے۔مجھے یہ محسوس ہوا ہے کہ حاضرین میں یہ سوچ آئی ہے۔یہ وہ نہیں ہے؛ یہ قادرِ مطلق خدا ہے۔سمجھے؟ سمجھے؟ یہ علم النفس نہیں ہے۔نہیں، یہ وہ نہیں ہے، اب یہ نہ کریں۔فقط زندہ خداوند یسوع مسیح کے بارے سوچیں، فقط ایک ہی سمت۔

**E-51** اب، بہن میں آپ سے کچھ لمحوں کیلئے بات کرنا چاہتا ہوں۔ہم ایک دوسرے کیلئے اجنبی ہیں۔تاہم یسوع مسیح ہم دونوں کو جانتا ہے۔اس کرۂ ارض پر یہ ہماری پہلی ملاقات ہے۔تاہم وہ آپ کو جانتا ہے اور اس نے آپ کو ساری زندگی پالا ہے۔اور وہ مجھے جانتا ہے۔اور میں آپ کا بھائی ہوں، اُس کے فضل سے میرے پاس الٰہی شفا کی نعمت ہے، میرا اس سے کچھ لینا دینا نہیں، یہ آتی..... جب میں ایک چھوٹا بچہ تھا تو جو بات مجھے یاد ہے اور جو میں پہلی بات یاد کر سکتا ہوں وہ رویا ہے ۔

میں چاہتا ہوں کہ چند لمحوں کے لئے آپ اس طرف دیکھیں۔بیشک آپ بیمار ہیں، اور آپ جس سبب ازیت میں ہیں۔ایک تاریک روح آپ کے چوگرد ہے؛ یہ موت ہے۔اور یہ سرطان کے روپ میں ہے۔اور یہ سرطان آپ کی چھاتی میں ہے۔کیا آپ... میں دیکھتا ہوں کہ آپ کا معائنہ کسی بہت ہی مضبوط... اور یہ.... پھٹنے کی حالت میں ہے۔اور یہ پُھٹاو آپ کی انتڑیوں میں ہے۔اور آپ کے پیٹ میں بھی تکلیف ہے۔اور مزید شدید دل کے عرضہ میں بھی مبتلا ہیں اور اسی سبب آپ بے ہوش

بھی ہوگئیں تھیں یہاں کچھ روز پیشتر آپ پلنگ پر بیٹھی ہوئیں تھیں اور کھڑکی کی جانب دیکھتے ہوئے مرنے کو تھیں۔کیا یہ باتیں سچ ہیں؟ یہ سب... درست ہے۔ٹھیک ہے، یہ جو کچھ بھی تھا، یقیناً وہ میرے پاس سے چلا گیا۔

**E-52** تاہم آپ کیا سوچتی ہیں وہ جو آپ کی زندگی کو جانتا تھا؟ کیا وہ یسوع مسیح تھا؟ کیا آپ اس بات کو قبول کرتیں ہیں کہ وہ وہی تھا؟ شکریہ۔آپ تیار ہیں۔آپ جانتی ہیں کہ یہاں کچھ مافوق الفطرت ہے۔کیا آپ اس کو خداوند یسوع مسیح کی موجودگی تسلیم کرتی ہیں جیسا کہ میں نے کلام میں سے منادی کی ہے ،آپ اقرار کرتیں ہیں کہ یہ خداوند یسوع مسیح ہے؟ میں جانتا ہوں ایک سیاہ روح ،میں دیکھتا ہوں۔کہ وہ ابھی بھی آپ کے اوپر موجود ہے۔ یہ کچھ بہت ہی تشویشناک ہے۔آپ کہتے ہیں...... میں آپ کو دیکھتا ہوں۔آپ کا نام آیو ہے۔اور آپکا آخری نام یورک ہے۔اور آپ اسی شہر میں رہتی ہیں۔اور آپ کے مکان کا نمبر 613 اور گلی نمبر 6 ہے۔کیا یہ درست ہے؟ محترمہ اب آپ شفا پا کر گھر جارہی ہیں۔ یسوع مسیح کے نام میں یہ جائے اور بہن شفا پائے۔خداوند آپ کو برکت دے۔شک نہ کریں... ؟... خوشی اور شادمانی سے جائیں۔

**E-53** فقط ایمان رکھیں ؛شک نہ کریں۔ پاک صحائف میں مرقوم ہے کہ’’ پھر گناہ نہ کرنا۔ایسا نہ ہو کہ تجھ پر اس سے بھی زیادہ آفت آئے‘‘ بے اعتقادی گناہ ہے۔سگریٹ نوشی ، جوا کھیلنا، شراب نوشی یہ گناہ نہیں ؛ بلکہ گناہ کے پھل ہیں۔آپ یہ کرتے ہیں کیونکہ آپ ایمان نہیں لاتے۔یسوع نے کہا’’ جا پھر گناہ (بے اعتقادی) نہ کرنا ایسا نہ ہو کہ تجھ پر اس سے بھی زیادہ آفت آئے‘‘ خدا پر ایمان رکھیں اپنے پورے دل سے اس پر ایمان رکھیں۔

**E-54** میں دیکھتا ہوں کہ سایہ ابھی بھی اس خاتون کا پیچھا کررہا ہے۔جی... یہ وہی ہے... جی وہ.. اس نے ابھی چھوڑ دیا۔

اور یہ وہاں سیاہ فارم شخص کے اوپر ٹھہری ہوئی ہے۔جی ہاں وہاں وہ خاتون ہے پھٹے ہوئے پِتہ Gallbladder کے ساتھ بیٹھی ہوئی ہے۔خاتون کیا آپ اس بات پر ایمان رکھتی ہیں کہ یسوع مسیح آپ کو شفا دیتا ہے،وہ خاتون جو کوئی سفید چیز اپنے گلے کی چاروں اطراف اوڑھے ہوئے ہے؟ اگر آپ اس پر اپنے پورے دل سے ایمان رکھتی ہیں تو آپ اپنا ہاتھ بلند کر کے اپنی شفا کا دعویٰ کر سکتیں ہیں،اور خداوند یسوع کے نام میں شفا پائیں۔خداوند آپ کو برکت دے۔

خدا پر ایمان رکھیں،کیا آپ ایمان رکھتے ہیں؟

آپ کا یہ پھٹ گیا ہے کیا آپ جناب،وہ وہاں جو دور بیٹھے ہیں۔کیا یہ ٹھیک ہے؟ آپ وہاں بیٹھے ہوئے دعا کر رہے ہیں،کہ"خداوند وہ شخص مجھ سے بات کرے" کیا یہ ٹھیک ہے؟ ٹھیک ہے تو اپنا ہاتھ بلند کریں۔اپنے قدموں پر کھڑے ہو جائیں۔بھائی آپ کے ایمان نے آپ کو اچھا کیا۔گھر جائیں؛یسوع مسیح آپ کو شفا دیتا ہے۔

**E-55** وہی خداند یسوع... آپ کو یہاں اوپر آنے کی ضرورت نہیں؛آپ کو ایمان رکھنے کی ضرورت ہے۔فقط خدا پر اپنے پورے دل سے ایمان رکھیں،اور آپ نے جو مانگا ہے وہی پائیں گے۔اگر آپ ایمان رکھیں گے تو یسوعؔ مسیح یہ آپ کو بخشے گا۔آپ کو پورے دل سے اس پر ایمان رکھنا چاہیے۔خدا اسے مہیا کرے گا۔

**E-56** مریض.... معاف کیجئے گا،جناب۔کیا آپ پورے دل سے ایمان رکھتے ہیں؟ کیا آپ رکھتے ہیں۔اب اُس کی موجودگی کے باعث آپ تھوڑا سا پُر جوش ہیں۔یقیناً آپ اس شہر کے رہنے والے نہیں ہیں آپ کیپٹلؔ ٹوسے،ریکمنڈؔ،ورجیناؔ سے آئے ہیں۔آپ کو سرطان ہے۔یہ آپ کو منہ کے اندر جبڑے پر ہے۔کیا یہ ٹھیک ہے؟ آپ گھر جانا اور شفا پانا چاہتے ہیں؟ خداوند یسوع مسیح کو اپنا شافی قبول کریں۔یسوع مسیح کے نام میں اس آدمی کو چھوڑ دے۔آمین۔جناب خداوند آپ کو برکت دے

جائیں ایمان پر قائم رہیں اپنے پورے.....

آپ کیا کہتی ہیں..... (یہاں ٹیپ میں جگہ خالی ہے۔ایڈیٹر)

اب میں جانتا ہوں، میں دیکھ رہا ہوں کہ آپ ایک جوان نظر آنے والی شخصیت بنتی جارہی ہیں،اس سے زیادہ جوان جتنا آپ میرے سامنے کھڑی ہیں۔آپ سر درد میں مبتلا ہیں۔اور یہ تکلیف بہت برسوں سے ہے؛تقریباً یہ پچیس سال پہلے شروع ہوا۔اور یہ آپ کوتب ہی سے پریشانی میں مبتلا کئے ہوئے ہے۔آپ ایک بہترین ایماندار تھیں۔اور آپ نے اس کیلئے دعا کی ہے اور اب بھی جاری ہے۔اور آپ نے دعا میں خدا سے کہا ہے کہ اگر وہ مجھے آپ تک پہنچا سکے تو آپ کے سر کا درد ٹھیک ہوجائے گا۔کیا یہ ٹھیک بات ہے؟ یہ سچ ہے۔

**E-57** آپ نے سنا کہ اس نے کیا کہا۔وہ میں نہیں تھا؛ میری تو فقط آواز تھی۔کیا وہ جو تھا..... کچھ بھی تھا میں ایک جوان شخص کو دیکھ رہا ہوں یا کچھ اسی طرح کچھ۔کیا یہ ٹھیک اسی طرح تھا جیسا وہاں کہا گیا تھا؟ جی ہاں بالکل ویسا ہی جس طرح کہا گیا تھا۔اب آپ ایمان رکھتے ہیں کہ خدا نے یہ کیا ہے؟ آپ خدا پر ایمان رکھتی ہیں... کیا آپ پُراعتماد ہیں کہ خدا یہاں ہے۔

ایک منٹ، میں کچھ اور دیکھتا ہوں۔ایک نوجوان عورت آپ کے سامنے کھڑی ہورہی ہے۔ یہ۔یہ بیٹی ہے اور ہاں آپ کہیں باہر؛ جانے کی تیاری کر رہیں تھیں آپ اسے دیکھنے جارہیں تھیں اور وہ انڈیانا سے تھی؛ ریکمُنڈ انڈیانا جہاں وہ رہا کرتی تھی اور اسکا شوہر ایک خادم ہے۔وہ آپ کو ایک خط لکھ رہی تھی یہ بتانے کیلئے کہ یہاں نہ آئیں کیونکہ میں یہاں آرہا تھا۔کیا یہ ٹھیک بات ہے؟...... آپ نے شفا پالی۔آپ اپنی راہ جائیں۔ خداوند آپ کو برکت دے۔

اب فقط ایمان رکھیں؛ خدا پر ایمان رکھیں۔یسوع کل آج بلکہ ابد تک یکساں ہے.... اور اب،فقط ایمان رکھیں۔

**E-58** یہ جو آپ لوگ چلا رہے ہیں، لوگو خداوند آپ کو برکت دے۔ اگر آپ ایمان رکھیں تو وہ ہمیشہ آپ کی مدد کیلئے تیار رہتا ہے، وہ ضرورت مندوں کی مدد کیلئے تیار ہے۔ ایک منٹ، وہ خاتون.... اب میں دیکھتا ہوں کہ روح القدس وہاں دروازے پر کھڑا ہے؛ یہ اس سیاہ فارم خاتون پر ہے۔ وہ ادھر دیکھ رہی ہے۔ اور دعا کر رہی ہے۔ اور اسکے ایک پھوڑا ہے اور وہ پھوڑا اسکے گلے میں ہے۔ اس نے اپنا ہاتھ اوپر اُٹھالیا ہے۔ خاتون کیا آپ اپنی شفا کو قبول کرتیں ہیں؟

اور وہ خاتون بھی جو اس کے پیچھے بیٹھی ہے، اس کے کندھے پر بھی پھوڑا ہے۔ کیا یہ ٹھیک بات ہے؟ آپ دونوں ابھی اپنے پیروں پر کھڑی ہو جائیں، یہ دو خواتین وہاں ہیں پھوڑے کے ساتھ.... وہ دو سیاہ فارم خواتین۔ یسوع مسیح تم دونوں کو شفا دیتا ہے تم دونوں گھر جا سکتی ہو۔ خدا کے جلال کیلئے شفا یاب ہو جاؤ۔ تمہارے ایمان نے تمہیں اچھا کیا۔ خدا برکت دے وہ چلا گیا۔

**E-59** خدا پر ایمان رکھیں۔ بے اعتقاد نہ ہوں، ان کے لئے ہر بات ممکن ہے جو ایمان رکھتے ہیں آمین۔

اوہ خدایا اس عمارت میں لوگوں کا ایمان کس قدر بلند ہے۔ اس عمارت کے اوپر یہ کس قدر شفاف دکھائی دیتا ہے۔ یقیناً آپ خداوند کے روح میں ہیں اب کچھ بھی واقع ہو سکتا ہے....؟...

**E-60** خاتون آپ کیسی ہیں؟ کیا آپ مجھ پر ایمان رکھتی ہیں کہ میں خدا کا نبی ہوں؟ اس کا... میرا مطلب، ایک نبی یعنی مناد۔ آپ مجھ سے شیطان کا ہونے کی امید نہیں کرتیں؛ بلکہ یہ کہ میں خدا کا ہوں۔ کیا آپ مجھے اس طور قبول کریں گی؟ اچھا تو پھر میں آپ کی مدد کر سکتا ہوں۔ کیونکہ اس نے مجھے بتایا کہ ''اگر لوگ میرا یقین کرلیں اور اس بات میں صادق رہیں تو پھر میں جب دعا کروں گا تو کچھ بھی دعا کے سامنے کھڑا نہ رہ سکے گا'' اور اب، یہ میں نہیں ہوں جو مدد کرتا ہے؛ یہ خدا ہے جو شفا دیتا ہے۔ میں نے سوال کیا؛ میں نے کہا'' وہ میرا یقین نہیں کریں گے۔''

اس نے کہا ''تمہیں موسیٰ کی مانند دو نشان دیئے جائیں گے۔اس کا لوگ یقین کریں گے'' اور ان میں سے ایک لوگوں کے دل کے بھیدوں کو افشاں کرنا تھا۔

اب، آپ یہاں اپنے لئے نہیں آئیں۔اس کو لے کر اگر چہ آپ بہت پریشان اور ہاری ہوئیں ہیں، اور آپ کی یہ حالت آپ کے بچہ کی بیماری کی بدولت ہے۔ یہ بچہ بیمار ہے یہ بیماری بلڈ کنسر ہے۔اور ڈاکٹروں نے جواب دے دیا ہے کہ یہ مر جائے۔کیا یہ بات ٹھیک نہیں ہے؟ آپ اس بچہ کو دوسرے شہر سے لائی ہیں۔آپ مغرب سے سفر کر کے مشرق میں آئیں ہیں۔آپ یہاں پہاڑی علاقہ سے آئی ہیں؛ یہ پنسلوینیا ہے۔اور یقیناً آپ کا شہر چیمبر برگ ہے، یا.... کیا یہ بات ٹھیک ہے؟ بچے کو میرے پاس لاؤ۔

**E-61** پیاری چھوٹی بہن اگر یسوع مسیح یہاں زمین پر ہوتے تو وہ اپنا ہاتھ یہاں تم پر رکھتے اور موت تمہیں چھوڑ جاتی اور تم جیتی رہتی۔کیا تم اس بات پر ایمان رکھتی ہو کہ میں اس کا خادم ہوں؟ تو اس کے بدلے میں میں اپنا ہاتھ اس بچے پر رکھتا ہوں اور برکت دیتا اور کہتا ہوں کہ شیاطین اس بچے کو چھوڑ جائے اور بچے میں زندگی آئے، یہ زندہ اور صحت مندر ہے گا۔

شیطان اس بچے سے باہر آجا خدا کی بائبل کے اختیار کے باعث اور اس الٰہی نعمت کے باعث جو اُس فرشتہ کے وسیلہ مجھے ملی۔اسی کی بدولت میں تمہیں حکم دیتا ہوں کہ بچے کو چھوڑ دے؛ اس میں سے باہر نکل آ۔آمین۔

کیا آپ اس بات پر ایمان رکھتے ہیں کہ اب آپ شفا پانے والے ہیں، کیا آپ کرتے ہیں؟ خداوند آپ کو برکت دے۔اب گھوم کر حاضرین کی طرف ہاتھ ہلائیں۔خدا برکت دے۔اے چھوٹی لڑکی بڑے ایمان کے ساتھ شفا پاؤ۔خدا برکت دے، پیاری جاؤ اور تم مجھے خط لکھنا۔

**E-62** کیا آپ اس بات پر ایمان رکھتی ہیں کہ میں اس کا نبی۔خادم ہوں؟ کیا آپ ایمان رکھتی ہیں

کہ خدا اپنی روح کے وسیلہ قریب ہے؟اور یہ یہاں جو ہو رہا ہے یہ یسوع مسیح کر رہا ہے؟نہ کہ میں ۔میں ایک انسان ہوں ۔جی ہاں،اور ثبوت کے طور پر یسوع مجھے بتائے کہ آپ کا کیا مسئلہ ہے، میں اس کا نبی یہاں سچائی کو کھولنے کیلئے کھڑا ہوں...... جیسا اس نے اس عورت سے کہا ’’جا اور اپنے شوہر کو یہاں بلالا‘‘

اس نے کہا ’’میں بے شوہر ہوں‘‘

اس نے کہا ’’تو پانچ شوہر کر چکی ہے‘‘

عورت نے کہا ’’خداوند مجھے معلوم ہوتا ہے کہ کہ تو نبی ہے۔‘‘ سمجھے؟ ’’خداوند مجھے معلوم ہوتا ہے کہ کہ تو نبی ہے۔‘‘

وہی روح القدس جو خدا کے بیٹے کے اوپر تھا،اسی روح کا اس نے وعدہ کیا تھا کہ وہ اسے دوبارہ بھیجے گا اور وہ ہمارے ساتھ ہوگا اور ہم میں دنیا کے آخر تک ساتھ رہے گا۔کیا آپ اس بات پر ایمان رکھتے ہیں؟اور اب وہ آپ کی پریشانی کو جانتا ہے،کیا نہیں جان سکتا؟ آپ کو دل کا عرضہ ہے۔کیا یہ ٹھیک بات ہے؟

وہ سب لوگ جو دل کے عرضہ میں مبتلا ہیں اپنے قدموں پر کھڑے ہو جائیں۔آپ ابھی شفا پا سکتے ہیں،اس سے کوئی مطلب نہیں کہ آپ کے دل کو کیسی اور کونسی بیماری ہے۔

**E-63** خداوند خدا تو ہماری قوت ،کمزوری اور لاغر پن سے واقف ہے.... تاہم خداوند ہم جانتے ہیں کہ تو کتنا قوت والا ہے۔اور دل کا عرضہ کچھ ایسا ہے کہ ہمارے ڈاکٹر کچھ نہیں کر سکتے ،تاہم خداوند تو جس نے اس دل کو بنایا ہے؟ تو کر سکتا ہے۔

اور اب میں اس شیطانی قوت کو ڈانٹتا ہوں جس نے انہیں دل کے عرضہ میں مبتلا کیا ہے۔ہر ایک میں سے باہر نکل آ یسوع مسیح کے نام میں۔آمین۔

**E-64** بہن، خداوند آپ کو برکت دے میں آپ سے کچھ کہنا چاہتا ہوں۔اب آپ پہلے کی طرح محسوس کررہی ہیں، ہے کہ نہیں؟ اسلیئے کہ لوگ جان جائیں کہ وہاں ایک سیاہ روح ہے اور آپ بُری طرح سے جکڑی ہوئیں تھیں اور نیچے لیٹ گئیں تھیں، وہ۔اوراب یہ آپ کے پاس سے چلی گئی ہے۔ آپ شفایاب ہوگئیں ہیں۔میں آپ سے صرف یہ کہوں گا کہ آپ جائیں۔یہ ٹھیک ہے۔

برائے مہربانی خدا پر ایمان رکھیں ہرکوئی ہم آہنگ ہوتے ہوئے، ایمان رکھے۔

**E-65** آپ کیسے ہیں جناب؟ ٹھیک ہے۔ہم دونوں ایک دوسرے سے اجنبی ہیں، تاہم خداوند یسوع مسیح ہم دونوں کو جانتا ہے۔کیا یہ ٹھیک بات ہے۔خدا جو آسمان پر ہے جس نے آسمان اور زمین کو بنایا وہ یسوع مسیح میں رہتا ہے، اور اس نے وعدہ کیا ہمارے درمیان ہوگا اور جو کام اس نے کیئے وہ ہم بھی کریں گے۔کیا آپ اس بات پر ایمان رکھتے ہیں کہ میں اسکا نبی ہوں؟ جس بدولت میں یہ کہتا ہوں خدا کے فرشتہ نے یہ مجھ سے کہا ''لوگوں کا ایمان بڑاؤ کہ وہ تمہیں قبول کریں، اور اگر وہ تمہارا یقین نہیں کریں گے تو تم ان کے دلوں کے خیالوں کو جان جاؤ گے پھر انہیں اس کا یقین کرنا پڑے گا۔''

تاہم آپ میرا یقین کرتے ہیں اور بغیر کسی وجہ کے، اور آپ انجیل کے مناد ہیں، اور آپ یہاں ایک اچھے کام کیلیئے ہیں۔آپ بیمار نہیں ہیں۔آپ ایک فکر میں ہیں آپ اپنی جماعت میں ایک پرانے طرز کی بیداری کو لانا چاہتے ہیں اس کیلیئے آپ دعا کررہے ہیں۔

ہم سب یہ چاہتے ہیں۔سب کھڑے ہوجائیں ہر شخص پرانے طرز کی بیداری کا متلاشی ہے۔

قادرِ مطلق خدا جس نے آسمان و زمین کو بنایا اب میں کہتا ہوں کہ شیطان کی ہر طرح کی قوت اس عمارت میں سے تباہ ہوجائے، اور خداوند یسوع مسیح کی قوت آشکارہ ہو۔خداوند... ہم کمزور ہیں لیکن ہارے ہوئے نہیں...

شیطان میں تجھے خداوند یسوع مسیح کے نام میں حکم دیتا ہوں کہ ان لوگوں میں سے باہر آجا۔

اے لنگڑے پن کے شکار لوگو، اپنی اپنی ویل چیر سے اُٹھ کھڑے ہو جاو۔ آپ میں سے ہر کوئی اُسے جلال دے۔

☆☆☆☆☆☆☆